ilmkidunya

# Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Chapter 9 Short Questions Test

Q1. وقوف کے کیا معنی ہیں.

**Ans 1:** وقوف ایک عمومی اصطلاح ہے جس میں تمام اقسام کے جاننے ادراک کرنے یاد کرنے ،تخیل سے کام لینے ،تخمینہ لگانے اور استدلال کرنے کے اعمال پائے جاتے ہیں.

---

Q2. زبان اور ابلاغ کی نوعیت بیان کریں.

**Ans 1:** زبان اور ابلاغ کا آپس میں گہرا تعلق ہے.گویا زبان ایک ایسا ذریعہ ابلاغ ہے جو بولنے میں لفظی اصوات گونگے بہروں کی صورت میں حرکات و سکنات یا اشاروں میں علامتی اظہار کا حامل ہے.لفظی اصوات یا علامتی اظہار میں مروجہ اصولوں کے مطابق ایک خاص معنی و مفہوم پایا جاتا ہے.

---

Q3. جیمز ڈریو نے وقوف کی کیا تعریف کی ہے؟

**Ans 1:** جیمز ڈریو کے الفاظ میں وقوف ایک عمومی اصطلاح ہے جس میں تمام قسم کے جاننے والے ادراک کرنے،یاد کرنے تخیل کرنے سے کام لینے تخمنہ لگانے اور استدلال کرنے کے اعمال پائے جاتے ہیں.

---

Q4. اعلی وقوفی اعمال کی وضاحت کریں.

**Ans 1:** اعلٰی وقوفی اعمال کی شعوری زندگی کی بنیاد ہیں جو کہ کردار کے تاثری پہلو اور طلبی کے برعکس صرف غورو فکر پر منحصر ہیں.تشکر کے پیچیدہ عمل ہیں ہمارا سوچنا ،منطقی انداز میں دلائل دینا،نتائج اخذ کرنا اور اچانک کوئی نئی تخلیق کر لینا انسانی زندگی میں غیر متوازی اور غیر یکساں پایا جاتا ہے.

---

Q5. آرمی الفا اور آرمی بیٹا ذہانتی سکیل کی نوعیت سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** آرمی الفائیسٹ آرتھر اوٹس کے آٹھ غیر مطلوبہ ذہنی زباندانی کی ذہنی آزمائشوں کی آزمائشیں تھیں جو ان پڑھ اور ایسے فوجیوں کے لے بنائی گئیں جن کی پہلی زبان انگریزی نہیں تھی.

---

Q6. عموعمی عنصر سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** چارلس سپیئر مین 1927 نے ذہانت کو ایک عنصری ذہنی قابلیت یا عمومی عنصر کہا ہے.

---

Q7. زبان کے کیا معنی ہیں؟

**Ans 1:** زبان ایک ایسا ذریعہ ابلاغ ہے.جو بولنے میں لفظی اصوات گونگھے بہروں کی صورت میں حرکات سکنات یا اشاروں میں علامتی اظہار کا حامل ہے.لفظی اصوات یا علامتی اظہار میں مروجہ اصولوں کے مطابق ایک خاص معنی مفہوم پایا جاتا ہے.

---

Q8. اعلٰی وقوفی اعمال سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** اعلی وقوفی اعمال سے مراد اعلی سطح پر جاننا ،ادراک کرنا.یاد کرنا،تخیل سے کام لینا،تخمینہ لگانا استدلال کرنا وغیرہ مثلا ذہانت ایک اعلی وقوفی عمل ہے.

Q9. ذہنی بیداری کا طوفان برپا کرنے کے کیا مقاصد ہیں؟

**Ans 1:** ذہنی بیداری کے طوفان کا بنیادی مقصد خیالات کو کو جانچنے کے عمل سے آزاد لر کے زیادہ تیز کرتا ہے.جب تک تمام تجاویز اکھٹی نہ ہو جائیں ہر قسم کے بحث،تنقید اور خمین زیر التوا رہنی چاہیے.

Q10. سپیئرمین نے خصوصی عنصر کس کو قرار دیا؟

**Ans 1:** سپئر مین کے مطابق ہر ٹیسٹ میں عمومی قابلیت کے علاوہ خصوصی قابلیت بھی پائی جاتی ہے.اس کے مطابق کسی قابلیت کے ٹیسٹ میں فرد کا سکور اس کے یعنی خصوصی قابلیے کے عنصر کو ظاہر کرتا ہے factor.